5th

8
10/11/2019
ENERGAND POWER

تحریک استحقاق

جناب سپیکر صاحب

میں نے پچھلے دن ایس ڈی او پیسکو مردان آفس کو فون کیا کہ میرے حلقہ نیابت کے یونین کونسل خزانہ ڈھیرئی میں بجلی کا ٹرانسفر خراب ہے اور وہاں کے لوگوں کو کافی تکلیف کا سامنا ہے جس کو ٹھیک کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ ایس ڈی او آفس سے مجھے جواب ملا کہ آپ ایس ڈی او صاحب سے اپنے مسئلے پر بات کریں۔ میں نے ایس ڈی او کے موبائل فون پر کئی بار فون کیا مگر نہ انہوں نے فون اُٹھایا اور نہ واپسی کال کرنے کی زحمت گوارا کیا۔ جناب والا پھر میں نے تحصیل کونسلر خزانہ ڈھیرئی کے ہمراہ اپنے پرسنل اسسٹنٹ کو ایس ڈی او صاحب سے ملنے کے لئے بھیج دیا تاکہ اُن سے بات ہو سکے۔ وہاں سے میرے پرسنل اسسٹنٹ نے مجھے فون کیا لیکن ایس ڈی او نے مجھ سے بات کرنے سے صاف انکار کیا اور کہا کہ میں کسی ایم پی اے سے بات کرنے کا پابند نہیں ہوں۔ جس سے نہ صرف میرا بلکہ پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔

لہذا اس پر ایوان میں بحث کے بعد معاملے کو استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔

[signature]
محمد عبدالسلام پی کے 53 مردان

S.No. 5th
Diary No. 8
Time: 10:23
Date: 10/11/19
From: محمد عبدالسلام
Received by: [signature]